سوال

عام حالت میں سجدہ تلاوت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز کی حالت کے علاوہ عام حالات میں سجدہ تلاوت والی آیت سن لیں تو کیا سجدہ کرنا لازمی ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدۂ تلاوت سنت ہے، اور اس سے سلام پھیرنے کی کوئی دلیل نہیں ملتی، لہذا سجدہ تلاوت کرنے والے کیلئے سلام نہیں ہے، اور جس نے بھی سجدہ تلاوت کیا مثلا: سورۃ الاعراف، سورۃ النجم، اور اقرا کے آخر میں اور وہ نماز ادا کر رہا ہو تو سجدہ تلاوت کے بعد اس کیلئے ضروری نہیں کہ وہ سجدہ کے بعد اور رکوع کرنے سے قبل تلاوت ضرور کرے، لیکن اگر پڑھ لے تو کوئی حرج نہیں، اور سجدہ تلاوت میں نماز کے سجدہ والی دعا ہی پڑھے گا (دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث